© rasailojaraid.com


**اخبار و آثار**

# الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ

## مختصر سالانہ کارکردگی

الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ کا قیام اب سے ربع صدی قبل عمل میں لایا گیا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد دینی حلقوں میں عصری تقاضوں کا شعور پیدا کرنا اور باہمی رابطہ وتعاون کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ فکری بیداری کا ماحول قائم کرنا ہے۔ اس مقصد کے لیے تعلیم وتدریس، ابلاغ عامہ کے میسر ذرائع اور فکری وعلمی مجالس کے ذریعے جدوجہد جاری ہے۔ الشریعہ اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی اور ڈپٹی ڈائریکٹر مولانا حافظ محمد عمار خان ناصر ہیں جبکہ مولانا محمد عبداللہ راتھر، مولانا حافظ محمد عثمان، مولانا حافظ محمد رشید، مولانا محمد کامران حیدر، مولانا محمد زاہد محمود، مولانا طبیب الرحمٰن، مولانا محمد لقمان، قاری محمد زبیر شاہ اور ڈاکٹر محمود احمد پر مشتمل اساتذہ ومنتظمین کی ٹیم ان کے ساتھ مصروفِ کار ہے۔

### اکادمی کے شعبہ جات

الشریعہ اکادمی میں درج ذیل شعبوں میں کام جاری ہے:

--- ۰ **حفظ قرآن کریم اور درس نظامی** کی کلاسوں میں کم وبیش پچاس طلبہ اکادمی میں مقیم ہیں جن کے اخراجات کی کفالت اکادمی کے ذمہ ہے۔

--- ۰ درس نظامی میں **ثانویہ عامہ** کا کورس میٹرک کے نصاب سمیت پڑھایا جاتا ہے اور میٹرک کا امتحان گوجرانوالہ بورڈ سے امتحان دلایا جاتا ہے۔ سال رواں میں ثانویہ عامہ کے گیارہ طلبہ نے گوجرانوالہ بورڈ سے جماعت دہم اور سات طلبہ نے جماعت نہم سے ثانویہ عامہ کا امتحان دیا ہے۔

--- ۰ شعبان اور رمضان المبارک کے دوران **سالانہ دورۂ تفسیر قرآن کریم اور محاضرات علوم قرآن** کا گزشتہ پانچ سال سے سلسلہ جاری ہے۔ دورۂ تفسیر کی ان کلاسز سے درجنوں علماء وطلبہ استفادہ کر چکے ہیں۔

--- ۰ **اکادمی کی لائبریری** میں مختلف موضوعات پر ہزاروں کتابیں موجود ہیں جن سے دینی وعصری اداروں کے اساتذہ وطلبہ استفادہ کرتے ہیں۔

--- ۰ **ماہنامہ ''الشریعہ''** کی اشاعت باقاعدگی سے جاری ہے جو علمی حلقوں کے مطابق ملک کے علمی وتحقیقی جرائد میں


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معروف وممتاز حیثیت رکھتا ہے۔

---o شعبہ نشر واشاعت کے تحت مولانا زاہد الراشدی اور دیگر اہل قلم کی اب تک دو درجن کے لگ بھگ مطبوعات شائع ہو چکی ہیں۔

---o اکادمی کے زیر انتظام قائم کردہ درج ذیل ویب سائٹس انٹرنیٹ پر موجود ہیں جن سے دنیا بھر کے ہزاروں افراد استفادہ کرتے ہیں:

www.hajjatulwada.com
www.alsharia.org
www.sarfrazsafdar.org
www.abdulhameedsawati.org
www.hamaraislam.org

---o اکادمی میں علاقہ کے ضرورت مند افراد کے لیے **فری ڈسپنسری** روزانہ عصر سے عشاء تک کھلتی ہے جس سے اوسطاً ساٹھ مریض روزانہ استفادہ کرتے ہیں۔

---o **ماہانہ فکری نشست** میں مولانا زاہد الراشدی کسی تاریخی، علمی یا فکری موضوع پر لیکچر دیتے ہیں۔

---o اسکول اور کالج کے طلبہ وطالبات کے لیے وقتاً فوقتاً عربی گریمر، دینی مدارس کے طلبہ کے لیے انگریزی بول چال اور ترجمہ قرآن کریم کی کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## علمی وفکری نشستیں / سیمینارز

اکادمی میں وقتاً فوقتاً مختلف علمی وفکری موضوعات پر اہل علم کی نشستوں، سیمینارز اور تربیتی ورکشاپس کا اہتمام کیا جاتا ہے جن میں معروف ارباب علم وفکر اظہار خیال فرماتے ہیں۔ سالِ رواں میں منعقد ہونے والی نشستوں کی مختصر تفصیل حسب ذیل ہے:

---o اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی نے حسب معمول **ماہانہ فکری نشستوں** میں مختلف علمی وفکری موضوعات پر اظہار خیال کیا۔ اس سال یہ نشستیں پندرہ روزہ کے حساب سے ہوئیں جن کے موضوعات حسب ذیل تھے:

O قرار داد مقاصد کا پس منظر O قادیانی مسئلہ اور اس کی تحریک، O قادیانی مسئلہ اور دستوری فیصلہ O تحریک نفاذ شریعت O دستور کی اسلامی دفعات O تحفظ ناموس رسالت کا مسئلہ O سنی شیعہ کشمکش (۱) O سنی شیعہ کشمکش (۲) O شریعت بل کی تحریک O وفاقی شرعی عدالت اور اس کا کردار O اسلامی نظریاتی کونسل اور اس کا کردار O حدود آرڈیننس اور تحفظ نسواں بل O تحریک انسداد سود O دینی جدوجہد کی معروضی صورت حال O دینی جدوجہد کے عصری تقاضے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


---o 22 اکتوبر 2014ء کو ادارہ رحیمیہ لاہور کے سربراہ **مولانا مفتی عبد الخالق آزاد** ایک وفد کے ہمراہ اکادمی میں تشریف لائے۔ اور نماز عصر کے بعد علماء سے خطاب کیا۔

---o 25 اکتوبر 2014ء کو دعوہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے آرمی کے ائمہ وخطباء کے ایک تربیتی گروپ نے اکادمی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر اکادمی کے ڈائریکٹر مولانا زاہد الراشدی نے **''عصر حاضر کے تقاضے اور علماء کی ذمہ داریاں''** کے موضوع پر خصوصی خطاب کیا۔

---o **سالانہ انگلش لینگویج کورس** 6 دسمبر 2014ء تا 8 جنوری 2015ء جامع مسجد شیرانوالہ باغ میں منعقد ہوا جس میں مدارس کے طلبہ نے شرکت کی۔

---o 18 جنوری کو مدارس اور سکول و کالج کے طلبہ کے مابین مقابلہ مضمون نویسی بعنوان **''دور نبوی میں بیت المال کا معاشرتی کردار''** منعقد ہوا۔

---o 21 دسمبر 2015ء کو ایک سیمینار بعنوان **''قومی نصاب تعلیم میں ممکنہ تبدیلی تجاویز و آراء''** منعقد ہوا، جس میں شہر اور بیرون شہر سے اصحاب علم و دانش نے شرکت کی ہے۔

---o یکم فروری کو جلسہ دستار فضیلت کا انعقاد کیا گیا، جس میں نئے حفاظ کرام اور تین سالہ درس نظامی پروگرام سے فارغ ہونے والے طلباء میں اسناد تقسیم کی گئی ہیں۔

---o 7 مارچ سے اکیڈیمی کے اساتذہ نے ایک ہفتے کا **اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ** کیا، جس میں نصاب و نظام تعلیم میں ممکنہ تبدیلیوں اور بہتریوں کے حوالے سے مختلف اہل علم سے ملاقات کی۔ اس کے علاوہ مختلف تعلیمی اداروں کا وزٹ کیا اور ان کے نظام تعلیم کو قریب سے دیکھنے کی کوشش کی ہے۔

---o 25 مارچ کو **ماہر فلکیات مولانا شبیر احمد کاکاخیل** اکیڈیمی تشریف لائے اور اساتذہ وطلبہ سے خطاب کیا۔

---o حالیہ دورۂ تفسیر کے دوران میں 7 جون کو اسلامی علوم کے ممتاز محقق اور دانشور جناب **ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی** اکادمی میں تشریف لائے اور دورۂ تفسیر کے طلبہ سے ''مذہبی اختلاف کے آداب'' اور ''مطالعہ قرآن کے اصول'' کے عنوانات پر وقیع خطابات کیے۔

---o 10 جون کو ممتاز اسکالر **ڈاکٹر محمد فیروز شاہ کھگہ** (سرگودھا یونیورسٹی) نے دورۂ تفسیر کے طلبہ سے ''دورۂ ترکی کے مشاہدات و تاثرات'' کے عنوان پر گفتگو کی۔

---o 13 جون کو دورۂ تفسیر کے شرکاء نے **گفٹ یونیورسٹی گوجرانوالہ** کا مطالعاتی دورہ کیا اور ایم فل و پی ایچ ڈی اسکالرز کے لیے **مولانا مفتی محمد زاہد** (شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد) کے دو محاضرات بعنوان ''احکام القرآن کے موضوع پر تصنیفی روایت'' اور ''مشرق وسطیٰ کی صورت حال'' سے مستفید ہوئے۔



© rasailojaraid.com